ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (186)

مورخہ 27/03/2023

بہاولپور ( ) رمضان المبارک کی مہینے میں پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری۔سی آئی اے پولیس کی بڑی کارروائی،1200 لیٹر سے زائد دیسی لہن شراب معہ چالو بھٹی اور اسلحہ ناجائز برآمد۔ ملزمان پابند سلاسل، جرائم جیسی لعنت سے نوجوان نسل کی تباہی کو روکنا مقصود ہے،ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے رمضان المبارک کے مہینہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔سی آئی اے پولیس نے مخبر کی اطلاع پر شراب فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مجید احمد ولد یار محمد کو 1200 لیٹر سے زائد دیسی لہن شراب معہ چالو بھٹی سمیت گرفتار کرلیا۔اسی طرح تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے نور سمند اور نذیر احمد کو 02 عدد پسٹل 30 بور کے ساتھ گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے،ملزمان کو بند حوالات کر دیا گیا۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس بابرکت مہینے میں ایسے گھناونے کام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔ نشے جیسی لعنت سے نوجوان نسل کی تباہی کو روکنا مقصود ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر سی آئی اے اور ہیڈ راجکاں پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور:پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری،1200 لیٹر سے زائد دیسی لہن شراب معہ چالو بھٹی اور اسلحہ ناجائز برآمد